10 جنوری،2012

# رواں مالی سال کی پہلی ششماہی کے دوران ترسیلات زر 19 فیصد سے زائد اضافے سے 6.33 بلین ڈالر تک پہنچ گئیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی ورکرز نے رواں مالی سال 12-2011 کی پہلی ششماہی (جولائی ۔دسمبر 2011) کے دوران 6325.34 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن بھیجیں جو گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے (جولائی ۔دسمبر 2010) کی ترسیلات زر 5291.43 ملین ڈالر کے مقابلے میں 1033.91 ملین ڈالر یا 19.54 فیصد زیادہ رہیں۔

رواں مالی سال کی پہلی ششماہی کے دوران دنیا کے تمام ممالک سے ترسیلات زر کی آمد میں اضافہ ہوا۔ جولائی ۔دسمبر 2011 کے دوران سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکا، برطانیہ، جی سی سی ممالک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان)، اور یورپی یونین کے ممالک سے بالترتیب 1661.89 ملین ڈالر، 1412.92 ملین ڈالر، 1150.24 ملین ڈالر، 726.35 ملین ڈالر، 721.19 ملین ڈالر اور 189.14 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن آئیں جبکہ گذشتہ مالی سال کی پہلی ششماہی کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 1143.82 ملین ڈالر، 1255.65 ملین ڈالر، 997.68 ملین ڈالر، 577.17 ملین ڈالر، 626.29 ملین ڈالر، 172.10 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔ رواں مالی سال کی پہلی ششماہی (جولائی ۔دسمبر 2011) کے دوران ناروے، سوئٹزر لینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ممالک سے 463.61 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں جبکہ گذشتہ مالی سال کی پہلی ششماہی (جولائی ۔دسمبر 2010) کے دوران ان ممالک سے 518.69 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔

جولائی تا دسمبر 2011ء کے دوران ماہانہ اوسط ترسیلات زر 1054.22 ملین ڈالر رہیں جو گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کی اوسط ترسیلات زر (881.91 ملین ڈالر) کے مقابلے میں 19.54 فیصد زیادہ ہیں۔

دسمبر 2011ء کے دوران بیرون ملک مقیم پاکستانی ورکرز کی جانب سے 1085.35 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن بھیجی گئیں جو گذشتہ مالی سال کے اسی مہینے کی ترسیلات زر 863.13 ملین ڈالر کے مقابلے میں 25.75 فیصد زیادہ رہیں۔

دسمبر 2011ء کے دوران سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکا، برطانیہ، جی سی سی ممالک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان)، اور یورپی یونین کے ممالک سے بالترتیب 297.53 ملین ڈالر، 245.67 ملین ڈالر، 175.12 ملین ڈالر، 132.05 ملین ڈالر، 121.15 ملین ڈالر اور 28.88 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن آئیں جبکہ دسمبر 2010ء کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 208.06 ملین ڈالر، 210.33 ملین ڈالر، 156.36 ملین ڈالر، 81.08 ملین ڈالر، 95.99 ملین ڈالر اور 24.53 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔ دسمبر 2011ء کے دوران ناروے، سوئٹزر لینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ممالک سے 84.95 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں جبکہ دسمبر 2010ء کے دوران ان ممالک سے 86.76 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن موصول ہوئی تھیں۔

☆☆☆